السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

میں اپنی ہمشیرہ کو قرآن حفظ کرانا چاہتا ہوں اور ہم اس قدر استطاعت نہیں رکھتے کہ گھر پر معلمہ کا انتظام کریں، گوجرنوالہ میں کوئی بچیوں کا مدرسہ بتائیں جس میں حفظ کا اچھا انتظام ہو۔ دینی ماحول ہو اور پردہ کا اہتمام ہو۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

موزوں مدرسہ آپ کا گھر ہی ہے، تھوڑا تھوڑا حفظ کرکے وہ آپ کو یا گھر کے کسی فرد کو سناتی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دو تین سال میں یا اس سے قبل ہی وہ حافظہ بن جائے گی۔ ۱۰، ۱۰، ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 803

محدث فتویٰ